سوال

کیا آپ کوایسی کوئی حدیث معلوم ہے جس میں یہ ہوکہ بڑا بھائی والد کی وفات کے بعد والد کی جگہ لے لیتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مضمون کی ایک روایت طبرانی میں موجود ہے، جس کو عثیم بن کثیر بن کلیب اپنے باپ سے، وہ اپنے دادا سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

الأَكْبَرُ مِنَ الإِخْوَةِ بِمَنْزِلَةِ الأَبِ (المعجم الکبیر للطبرانی : 450)

بڑا بھائی باپ کے مرتبے پر ہوتا ہے۔

لیکن اس حدیث کوامام البانی رحمہ اللہ نے موضوع قرار دیا ہے یعنی یہ جھوٹی بات گھڑکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردی گئی ہے آپ نے بالکل ایسا نہیں فرمایا۔
(السلسلۃ الضعیفۃ : 3370)

01. بڑے بھائی کا ادب اوراحترام کرنا ضروری ہے، کیونکہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَيُوَقِّرْ كَبِيرَنَا (سنن الترمذي، أبواب البر والصلة : **1919**) **(صحیح)**

وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جوچھوٹے پر رحم نہیں کرتا اور بڑے کا احترام نہیں کرتا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی	فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ	فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد